اِن تینوں گنوں سے سنسار کی پیدائش ہوتی ہے۔ اور ہر ایک پدارتھ میں یہ تینوں گن بیاپک رہتے ہیں۔ اِن تینوں گنوں سے بدھی اور بدھی سے اہنکار اور ان تینوں سے پانچ تن ماترا یعنے سوکھشم بھوت۔ شبد۔ سپرش روپ رس اور گندھ۔ دس اندریاں اور گیارھواں من۔ پانچ تن ماتراؤں سے پانچ مہاں بھوت۔ جل۔ پرتھوی۔ اگنی آکاش۔ وائیو۔ مہرشی یگیہ ولک مہاراج کہتے ہیں۔ کہ اے میتری[1] ان پانچ بھوتوں کے پچیس تتو یہ ہیں۔

آکاش کے پانچ تتو۔ کام۔ کرودھ۔ شوک۔ موہ اور بھے

وائیو کے پانچ تتو۔ چلن۔ بلن۔ پرساران۔ آکونچن (سکڑنا) اور دھاون

اگنی کے پانچ تتو۔ کشودھا۔ پپاسا۔ آلسیہ۔ نندرا اور کانتی۔

جل کے پانچ تتو۔ شکر۔ ویریہ۔ خون۔ پسینا اور رال

پرتھوی کے پانچ تتو۔ ہڈی۔ ماس۔ ناڑی۔ جلد اور روم

جیو آتماں جب تک اپنے تین شریر اور تین اوستھا کا گیان حاصل کر کے اپنے کوش یعنے غلافوں کو یم نیم کا پابند ہو کر من کی میل دھو کر صاف نہیں لینا اور جب تک یوگ جگت سمادھی دوارا استھول تتوں اور پانچ تن ماترا من اور بدھی اور اہنکار ان کا گیان حاصل نہیں کر لیتا تب تک یہ اپنے آپ کو دیکھنے کے قابل نہیں بنا سکتا۔

من میں دیکھنے کی پورن شکتی تب ہی ہو سکتی ہے۔ جب یہ یم نیم کا پالن کر کے

[1] میتری مہاں رشی یگیہ ولک کی دھرم پتنی کا نام ہے۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اپنی مہیل کو اُتار دے۔
اور وبی ہُوئی مانسک شکتیاں یوگ کرم سے ہی پرگٹ ہوتی ہیں۔
آتم درشٹی یعنی جب یُوگی کی آتماں اپنی آتماں کو دیکھ لیتی ہے تب یوگی ساتھ ہی آتماں کے گنوں کو بھی جان لیتا ہے۔ اور منتری آدی کے سنجم سے بہتوں کا بھلا کر سکتا ہے۔ اور شریر میں بستی ہُوئی آتماں کو یوگی دیکھتا ہے
یوگی کی دو اوستھا ہوتی ہیں ایک بھرانت اور دُوسری نربھرانت۔ بھرانت اوستھا میں یُوگی اوروں کی طرح جگت کو دیکھتا اور سنتا اور کام کرتا ہے نربھرانت اوستھا سمادھی کی اوستھا ہوتی ہے اس میں یوگی کا من ایکاگر ہوتا ہے اور من میں دیکھنے کی پُورن شکتی ہوتی ہے۔ باریک سے باریک پدارتھ کو جان سکتا ہے۔
نیز یوگی اپنی موت کو پیشتر ہی جان لیتا ہے اور موت سے پہلے ہی اپنی آتماں کو وش میں کر کے شوشمنا ناڑی جو ہردے سے چل کر مستک تک نکلی ہُوئی ہے اُس شوشمنا ناڑی دوارا جیو آتماں کو شریر سے نکال کر مکتی کو پاتا ہے کِسی دُوسری ناڑی دوارا جیو آتماں شریر سے نکلکر سنسار کے جنم مرن بندھن میں پڑا رہتا ہے۔
- اس لئے یوگی شوشمنا یعنی ولی کے دوارا آتماں کو شریر سے نکالتا ہے
(از کٹھہ اوپنشد بلی ششم منتر ۱۶)
نوٹ:۔ ہردے سنجم بلاناغہ روز کے ابھیاس سے شوشمنا ناڑی کا پتہ خود بخود مِل جاتا ہے۔
جو پرماتما کو باہر ڈھونڈھتا ہے اُس کو پرماتماں نہیں ملتا۔ جو پرماتماں کو من کی شدھی کے ساتھ جسم کے اندر دیکھتا ہے اُس کے پرماتماں پاس ہے۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

پرماتماں آتماں کے بہت نزدیک ہے۔ صرف گیان کی دُوری ہے۔ اپنے جسم کے اندر دیکھنے والا پرماتماں کو ہمیشہ دیکھتا ہے جیسے آنکھ کا سُرمہ آنکھ کے بہت نزدیک ہونے سے آنکھ بغیر صاف شیشے کے دیکھ نہیں سکتی۔ ویسے بہت باریک اور بہت نزدیک ہونے کی وجہ سے آتماں پرماتماں کو بغیر صاف شُدھ من کے شیشے کے نہیں دیکھ سکتا۔ جب آتماں من کو یم اور نیم سے شُدھ کر کے اُپاسنا کے طریقہ سے جسم کے اندر دیکھتا ہے تب سروبیاپک پرماتماں کو اپنے رُوپ میں بسا دیکھ کر مُکتی کو پراپت ہوتا ہے۔ چونکہ پرماتماں پرکرتی کے اندر بیاپک ہے کیونکہ پرکرتی ستھول یعنے کثیف ہے۔ اور پرماتما سوکھشم یعنے لطیف ہے جس سے باہر دیکھنے میں پرکرتی کا ہی گیان ہوگا۔ جیسے تلوں میں تیل موجود ہے۔ مگر دیکھنے والے کو تِل ہی نظر آئیں گے۔

اور جیو آتماں کے اندر پرکرتی جا نہیں سکتی۔ کیونکہ پرکرتی کثیف یعنی موٹی ہے۔ جیو آتما کے اندر صرف برہم یعنی پرماتما ہی رہ سکتا ہے۔ کیونکہ برہم جیو آتماں سے بھی سوکھشم یعنے لطیف ہے۔ اس لئے جیو آتماں کو پرکرتی سے الگ جان جسم کے اندر ہردے کے آکاش میں آتماں کے اندر یوگ سادھی دوارا پرماتماں کا درشن ہوتا ہے۔ جیسے کٹھ اوپنشد پانچویں ولی منتر ۱۵ میں لکھا ہے۔ کہ پرماتماں کا درشن آتماں کے اندر ہی ہو سکتا ہے۔

اوپاسنا کا طریقہ یہ ہے

تنہا جگہ بیٹھ۔ من کی ورتی کو باہر کے پدارتھوں سے روک من کو جسم کے اندر ہردے کے مُقام میں قایم کر کے پران وایو کو روک اپنے آتماں اور پرماتماں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کے گنوں کو جان۔ اپنے آتماں کو پرماتماں میں لین یعنے غلطان کردیوے۔

مکتی مارگ

یعنی

یوگ ابھیاس کا آسان شاستروکت عمل

داناکا دان اور غریب کا اشنان

مطلب۔ جیسے دولتمند آدمی یگیہ دان وغیرہ شبھ کرموں دوارا سورگ کو پراپت ہوتا ہے ویسے غریب آدمی یوگ ابھیاس کے سادھنوں سے سمادھی دوارا مکتی کو پراپت ہوتا ہے۔ اشنان لفظ سے مراد ایشور بھگتی یوگ سادھنوں سے ہے۔ مہرشی۔ کپل منی۔ سانکھیہ درشن میں منش جاتی کا سب سے اعلیٰ منزل مقصود تین تاپوں سے چھوٹنا بتلاتے ہیں۔ وہ تین تاپ یہ ہیں۔

ادھیاتمک - ادھی بھوتک - ادھی دیوک

ادھیاتمک۔ جو دکھ اندر سے پیدا ہوتے ہیں۔ مثلاً کرودھ۔ فکر۔ ایرشا دویش اور بیماری وغیرہ

دھی بھوتک۔ آپس میں لڑائی۔ دنگہ۔ فساد۔ جھگڑا۔ شیر و سانپ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اِن تین طرح کے دُکھوں کی نورتی - اشٹانگ یوگ یعنے یوگ ابھیاس کے سادھنوں سے بتلائی گئی ہے اور وُہ یوگ کے آٹھ انگ یہ ہیں -

یم - نیم - آسن - پرانا یام - پرتیا ہار - دھارنا - دھیان

سمادھی (از یوگ درشن)

۱ - یم کے پانچ انگ

اہنسا - ست - استے - برہمچریہ - اپری گرہ

اہنسا - من سے کرم سے - بچن سے کسی جیو کو دُکھ نہ دینا - اور نہ دل سے کسی جیو کو دُکھ دینے کا ارادہ کرنا - ایسے انسان کا کوئی بھی مخالف جیو اُس کو دُکھ نہیں دے سکتا - اور نہ شیر سانپ وغیرہ اُس کو دُکھ پہنچا سکتے ہیں - بلکہ اس کی موجودگی میں دُوسرا - دُوسرے جیو کو دُکھ نہیں دے سکتا -

ست - من سے اور زبان سے سچ بولنا - سچ بولنے سے بدھی اُتم ہوتی ہے ہمیشہ سچ بولنے والا جو مُنہ سے نکالتا ہے وہی ہوتا ہے -

استے - اُس کے مالک کی اجازت کے بغیر ایک کوڑی کی چیز بھی نہ لینا - اور نہ لینے کا دل سے ارادہ کرنا - ایسے آدمی کے اندر یہ طاقت بڑھ جاتی ہے جس چیز کو وُہ چاہتا ہے اسکو وُہ چیز خود بخود حاصل ہوتی ہے

برہمچریہ - ویریہ کی رکھشا کرنا اور ودیا پڑھنا - اِس سے تمام جسم طاقتور ہوتا ہے - اور اسی کی بدولت انسان تمام کاموں کو سرانجام دے سکتا ہے - اور چہرہ پر اسی کا تیج ہوتا ہے - ویریہ کی رکھشا کرنے سے پرشارتھ اور اُتساہ پیدا ہوتا ہے -

اپری گرہ - ایشوریہ بھوگوں کی خواہش نہ کرنا - اور کم حیثیت کو پسند کرنا گذرہ کے موافق دھارمک کمائی سے نرباہ کرنا اور ملکیت کا خیال نہ رکھنا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اِس اصُول سے ایسا خیال پیدا ہوتا ہے۔ کہ میں کون ہوں اور کہاں سے آیا ہوں اور یہاں سے مر کر کہاں جاؤں گا۔ اور مجھ کو کیا کرنا چاہیے۔

۲۔ نیم کے پانچ انگ یہ ہیں

سنتوش۔ شوچ۔ تپسیا۔ سوادھیا۔ ایشور پرندھان

شوچ۔ اندر اور باہر کو شُدھ رکھنا۔ جسم کو جل سے اور من کو ست سے اِس سے تمام اندریاں قابو میں آجاتی ہیں۔

سنتوش۔ کسی چیز کی ضرورت ہونے پر اس کو حاصل کرنے میں دھارمک کوشش کرنا اگر نہ ملے تو صبر سے سنتوش کرنا۔ ایسے سنتوش سے انسان کو جو سُکھ اپنے اندر سے حاصل ہوتا ہے ویسا سنسار کے کسی پدارتھ سے حاصل نہیں ہوتا اور اکثر مہاتماؤں نے سنتوش کے سُکھ کو موکش کے برابر کہا ہے۔

تپسیا۔ اوم شبد کا جپ کرنا۔ جپ تین طرح کا ہے۔ زبان سے۔ من اور زبان سے۔ صرف من سے۔ یہ سب سے اُتم ہے جو صرف من سے کیا جاتا ہے جیسا اُوپر لکھا ہے ایسے جپ کرنے سے جسم کا فتور ہوتا ہے اور اندریوں میں بل آتا ہے۔ تمام شریر اور اندریوں کی شُدھی ہوتی ہے اور سُکھ کی پراپتی ہوتی ہے۔

سوادھیا۔ ست شاستروں کا پڑھنا۔ جن کے پڑھنے سے اپنی ہستی ایشور اور پرکرتی گنوں کی واقفیت ہو کر سچی خوشی حاصل ہو۔

ایشور پرندھان۔ ہمیشہ پرماتماں کو اپنا مالک جان۔ اُسی پر بھروسہ رکھنا

۳۔ آسن

آسن سے مُراد زیادہ دیر تک سُکھ کے ساتھ بیٹھنے کی ہے جس سے جسم

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کو بھول جاوے اور سکھ کے ساتھ وچار اور دھیان میں لگا رہے۔
آسن کے پک جانے سے ایک تو سکھ کے ساتھ زیادہ دیر تک بیٹھنے کی قابلیت حاصل ہو جاتی ہے۔ دوسرا گرمی سردی بھوک پیاس نہیں ستاتی اور اکثر مہاتماؤں نے سدھ آسن کو ہی زیادہ پسند کیا ہے۔

ترکیب سدھ آسن

دائیں پاؤں کو بائیں ران پر رکھ کر اور جسم کو سیدھا ایک خط میں تان کر یعنے گردن۔ سینہ اور کمر کو ایک خط میں سیدھا رکھ کر دونوں ہاتھ پاؤں کو رانوں پر رکھے اور آنکھ درشٹی کو ناسکا اگر بھاگ میں قائم کرے یعنے بلا پلک گرنے کے ناک کے آگے کے حصہ کو ایک نظر سے دیکھتا رہے اور من سے اوم کا جاپ کرے اور سرب بیاپک نراکار پرماتماں کو اپنے آتماں کے اندر دیکھے اس طرح ایک ہی آسن پر جم کر کم از کم دو گھنٹہ بلا تکلف بیٹھنے کی قابلیت حاصل کر کے پرانایام کرے۔ ایسا ہی مہرشی بیگہ ولک جی گارگی کو کہتے اور گیتا میں بھی ایسا ہی لکھا ہے۔ اور یوگ درشن میں بھی ایسا ہی لکھا اور شری وششٹ جی مہاراج بھی ایسا ہی کہتے ہیں۔ کہ جب گیان اور درشٹی ناسکا اگر بھاگ میں دونوں پہلے پرکار شانت ہو جائیں۔ تو پرانوں کی گتی رک جاتی ہے اور اسی کا نام تروکٹ دھیان ہے۔ اس سے مکتی کی پراپتی ہوتی ہے

پرانایام

ریچک پورک کنبھک۔ سانس کو باہر سے اندر کھینچنے کا وقفہ پورک۔ اور اندر سے باہر نکالنے کا وقفہ ریچک اور جس قدر عرصہ تک روکا جائے کنبھک آہستہ آہستہ سانس کو باہر سے اندر کھینچے اور طاقت بھر اندر ہی روکے پھر اندر سے باہر نکالے اور طاقت بھر میں ہی روکے اور صبح و شام دو وقت

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کرے۔ اس سے کنبھک خود بخود بڑھتا جاوے گا۔ جیوں جیوں کنبھک بڑھتا جاوے گا۔ توں توں اگیان کا ناش اور گیان کا پرکاش ہوتا جاویگا۔ اسی کا نام یوگ ابھیاس پرانایام ہے اور مکتی کی پراپتی کا سادھن ہے۔ نوٹ طبیعت کو اعتدال پر رکھے۔ سدا اچاری بنا رہے برہم چریہ کا پالن کرے گرہستی پُرش اپنی استری پر سنتوش رہے۔ استری کے رتوگامی ہونے پر سنتان کی خواہش سے رتوگامی۔ ورنہ جتنی رہے۔

نوٹ جسم کے اندر انگشت برابر ہردیہ ہے اُس ہردیہ میں آکاش ہے اُس ہردے کے آکاش میں یوگ جُگت سمادھی دوارا آتما کا درشن ہوتا ہے اور ساتھ ہی سرب بیاپک پرماتماں کا درشن ہوتا ہے۔ آتماں اور پرماتماں کو دیکھنے کا ایک ہی سادھن یوگ ابھیاس من کی پوترتا ہے جیسے صاف شیشے سے آنکھ کو دیکھنے سے آنکھ کا سرمہ بھی ساتھ ہی آنکھ کے دیکھ پڑتا ہے ویسے ہی شُدھ پوتر من کے شیشے سے آتماں کے ساتھ ہی پرماتما بھی دیکھ پڑتا ہے۔ پرماتماں نے آتماں کو دیکھنے کے واسطے آتماں کو من کا شیشہ دیا ہے۔ سو بغیر صاف شُدھ پوتر من کے شیشے کے نہ آتماں دیکھا جاتا ہے اور نہ پرماتماں اور من پر اُپکار اور نشکام یم اور نیم کے پالن کرنے سے شُدھ پوتر ہوتا ہے۔

جسم کو جل سے شُدھ کر کے کسی تنہا جگہ آسن لگا کر ہونٹ اور آنکھ کو بند کر کے بیٹھے اور چت ورتی کو باہر کے پدارتھوں سے روک ہردے کے مقام پر ٹھہراوے۔ جب چت ورتی باہر کی طرف جاوے فوراً بدھی دوارا روک اُسی ہردے کے مقام پر واپس لاوے اور من کو بار بار مجبور کر کے اُسی ایک مقام پر ٹھہرا رکھے۔ اور طاقت بھر ایک ہی آسن پر بیٹھا رہے اسکا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نام پرتیاہار ہے۔

من جیوں جیوں ہردے دیش کی رچنا کا گیان حاصل کرتا جائیگا تیوں تیوں ہردے دیش کی رچنا کو زیادہ پائے گا۔ آخر اسی میں قایم ہو جائیگا۔ کیونکہ ہردے دیش میں آکاش ہے۔ جو اس آکاش سے بڑا ہے۔ اور جس میں سرب بیاپک پرماتما موجود ہے۔ گو من چنچل ہے ایک پدارتھ کی جانچ پڑتال کرکے آگے نکل جاتا ہے۔ مگر سرب بیاپک پرماتما کی حد سے باہر کہاں جا سکتا ہے۔ اسی میں قایم ہو جائیگا۔

دھارنا

پرتیاہار اور دھارنا ایک دوسرے کا سادھن ہیں۔

من کو بار بار مجبور کرکے اسی ایک مقام پر لگانا پرتیاہار ہے اور اس پر دیر تک عمل کرتے رہنا برابر دو گھنٹہ تک بیٹھنے کی قابلیت حاصل کر لینا دھارنا کہلاتی ہے۔ من کی اکاگرتا کا نام ادھار ہے۔

دھیان

دھیان کرنے والا آتماں اور دھیان کرانے والی سب اندریوں کی سردار بدھی ہے۔ سب کام اسی کی مرضی پر ہوتے ہیں۔

دھارنا اور دھیان بھی ایک دوسرے کا سادھن ہیں۔ جب دو گھنٹہ تک بلا تکلیف بیٹھنے کی طاقت ہو جاتی ہے۔ پھر اسی مشق کو جاری رکھنے اور وقت کو بڑھانے سے جب چت ورتی اسی ہردے کے مقام پر گھنٹوں جمی رہتی ہے۔ کہیں بھی باہر نہیں جاتی دھیان کہلاتا ہے۔

اس اوستھا میں بیو ریچ کر گیان کا پرکاش ہوتا ہے اور یوگ کی شدھی شکتیاں یعنی مانسک گپت شکتیاں خود بخود پرگٹ ہوتی ہیں مگر یوگی کو

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اُن کے لالچ سے بچ جانا چاہیئے۔ اگر اُن کے لالچ میں پھنس گیا۔ تو آئندہ ترقی کا راستہ بند ہو جاوے گا۔ کیونکہ یوگی کا منزل مقصود مکتی پد ابھی دُور ہے دھیان میں آنند کی پراپتی ہوتی ہے۔ اس آنند کو زبان بیان نہیں کر سکتی۔ کیونکہ دھیان میں نراکار گنوں کا گیان معلوم ہوتا ہے اس گیان کے آنند کو جیو آتماں اپنے انتہ کرن اندرونی اندریاں من بُدھی چیت آہنکار کے ذریعہ محسوس کرتا ہے نیز یوگ درشن بھبوتی پاد منتر ۳۷ میں لکھا ہے کہ سدھی شکتی سمادھی میں بگھن ڈالتی ہے۔ اس کا غرور نہ کرے اور نہ کسی پر ظاہر کرے۔

سمادھی یہ یوگ کا آخری انگ ہے

جب دھیان گاڑھا ہو جاتا ہے۔ اور چیت ورتی اُسی ایک مقام پر جمی رہتی ہے۔ کہیں بھی باہر نہیں جاتی۔ اُسی مشق کو جاری رکھنے سے تمام جسم کو بھول جاتا ہے۔ اور آنند کی گاڑھی پراپتی ہو کر سمادھی لگجاتی ہے۔

اس سمادھی کی اوستھا میں یوگی کو دیش۔ کال وشا اور وشہ کا کارن ان چار پدارتھوں کا گیان رہتا ہے۔ اسی سمادھی کا نام سمپر گیات سمادھی ہے، اس سمپر گیات سمادھی کی مشق کو جاری رکھنے پر اسمپر گیات سمادھی کی پراپتی ہو جاتی ہے۔

اس اسمپر گیات سمادھی میں صرف پرماتماں ہی کا دھیان اور پرماتما کا ہی بھان رہتا ہے۔ اس اوستھا میں جیو آتماں اپنے سوروپ میں سرب بیاپک پرماتماں کو بساہوا دیکھتا ہے۔ اور ساتھ ہی جگت کے تمام پدارتھوں کا گیان ہو جاتا ہے۔ جب سرب بیاپک پرماتماں کو دیکھ لیا۔ تو سنسار کے سارے پدارتھ اُس پرماتماں کے اندر ہیں۔ سب کو جان لیتا ہے اور مکتی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

پد کو پراپت ہوتا ہے۔

نوٹ :۔ یوگ سمادھی کے دو ہی نام ہیں۔ ایک سمپر گیات سمادھی اور دوسرا اسمپر گیات سمادھی (نوٹ) مکتی سکھ کی میعاد ۳۱ نیل ۱۰ کھرب ۴۰ ارب ہے اتنا عرصہ جیو آتماں مکتی سکھ کو بھوگتا ہے (از منڈک اپنشد)

(نوٹ)

جیو آتماں آنند بھوگنے والا ہے۔ جب تک اندریوں سے تعلق رکھتا ہے آنند نہیں بھوگ سکتا۔ جب سمادھی میں اندریوں سے تعلق نہیں رہتا۔ پرماتماں کے ملاپ سے آنند بھوگتا ہے۔

جب اودیا میں اہنکار کی وجہ سے شریر اور اندریوں کو اپنا روپ خیال کرتا ہے تب دکھ میں پڑا رہتا ہے۔

جب ودیا ست سنگ اوپنشدوں کی وچار دوارا جان لیتا ہے کہ میں جیو آتماں نت ہوں۔ اور اندریاں پیدا اور ناش ہونے کے کارن وکاروالی ہیں۔ میں وکاروں سے رہت ہوں۔ اس لئے اندریاں میرا روپ نہیں۔ پیدا ہونے والی اندریاں میرے نتہ کے سروپ میں شامل نہیں ہوسکتیں۔ اس لئے میرا اندریوں کے وکاروں سے کیا نفع نقصان ہے۔ میں جیو آتماں نتہ اور سکھ روپ ہوں۔

جب جیو آتماں اس سچی وچار میں پڑ جاتا ہے۔ تب سکھ بھوگتا ہے۔ اور یوگ سمادھی دوارا اس سچی وچار کو ساکشات کر کے مکتی پد کو پراپت ہوتا ہے۔

نیز جو آتماں کی شکتی میں کمی بیشی نظر آتی ہے۔ یہ اندریوں کے تعلق کے سبب سے نظر آتی ہے۔ کیونکہ من وغیرہ تمام اندریں آتماں کے کام کرنے کے اوزار ہیں۔ ان اوزاروں میں کمی بیشی ہونے کے سبب سے آتماں کی شکتی میں کمی بیشی نظر آتی ہے۔ درحقیقت آتمان کی شکتی میں کمی بیشی نہیں۔ مثلاً آنکھ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

سے دُوربین کے ذریعے دُور کی چیز دیکھی جاتی ہے اور خوردبین کے ذریعے باریک چیز دیکھی جاتی ہے اس میں آنکھ کی طاقت میں فرق نہیں بلکہ اوزاروں میں فرق ہے۔ اس واسطے اوزاروں کی کمی بیشی سے کام میں فرق آجانے سے آتماں کی شکتی میں کمی بیشی نہیں ہو سکتی۔

ہدایت

یوگ ابھیاسی کی طبیعت ہمیشہ اعتدال پر رہنی چاہیئے۔ نہ پیٹ بھر کر کھائے اور نہ بھوکھا رہے۔ اور نہ فاقہ کرے اور نہ زیادہ سوئے اور نہ کم سوئے اور نہ زیادہ سوئے۔ نہ کام زیادہ کرے۔ اور نکما بھی نہ رہے اور شُدھ بھوجن کھائے۔ شُدھ بھوجن کے کھانے سے من کی ورتی شُدھ ستوگنی ہوتی ہے جو اکثر سکھ کے دینے والی ہوتی ہے۔ اور اشُدھ بھوجن کے کھانے سے من کی ورتی تموگنی ہوتی ہے جو اکثر دُکھ دایک ہوتی ہے۔

اور ابھیاس کے لئے ایک خاص وقت مقرر کرے اور اس وقت کا پابند رہے۔ وقت کی پابندی سے دُوسرے خیالات اُس وقت خود بخود بھاگ جاتے ہیں۔ اور اکثر رشیوں نے یوگ ابھیاس کا وقت صبح ۴ گھڑی رات کے باقی رہنے پر اور شام بوقت غروب آفتاب سے لیکر ستاروں کے اُدا ہونے تک پسند کیا ہے۔ کیونکہ اِن دونوں وقت پرتم یعنے اندھیرا۔ ست یعنے روشنی کی حالت برابر ہونے پر انسان کی صحت پورے طور پر درست رہتی ہے

نوٹ:۔ دن بھر کام کرتا ہُوا ابھیاس کا من میں خیال رکھے۔

من کی استھرتا کے لئے بہتری بھاونا کا پالن کرے جو چار پرکار کی ہے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اوّل۔ سکھی آدمیوں سے دوستی بھاؤ رکھنا تاکہ اُن کی طرف سے من میں حسد وغیرہ پیدا نہ ہو۔
دوئم۔ دُکھی جیووں پر دیا کرنا۔
سوئم۔ سرشٹ پنیا آتماں پرشوں سے خوش ہونا
چہارم۔ پاپی یعنے بُرے آدمیوں سے نہ محبت اور نہ عداوت
نوٹ:۔ بغیر آسن کی پختگی کے یعنے جب تک ایک آسن پر گھنٹوں بلا تکلیف آرام سے نہ بیٹھ سکے گا۔ سمادھی کی پراپتی ہرگز نہ ہوگی۔
اتہا جگہ پہ آسن لگا کر اور ہونٹ کو بند کر کے ایسے پختہ ارادے سے دیر تک بیٹھے کہ تمام جسم بوجھ سے لدا ہوا اور نہایت بھاری معلوم ہونے لگے تب ایسی حالت میں پہنچکر چند منٹ کے بعد تمام جسم نہایت بادبک اور ہلکا معلوم ہونے لگے گا۔ جس سے تمام جسم کو بھول کر آنند کی پراپتی ہوگی۔ اور گھنٹوں آنند کے ساتھ بیٹھا رہے گا۔ اور چت ورتی اُسی ہردے کے مقام میں جمی رہے گی۔
یہی سمادھی کی اوستھا ہے اُس اوستھا میں گرمی۔ سردی۔ بھوک پیاس کی خبر تک نہیں رہتی۔
نوٹ:۔ یوگ ابھیاس کرنے والا اپنی زبردست خواہش کے ساتھ نیم انوسار روزمرہ آسن لگا کر بیٹھے۔ من کو ہردے کے مقام میں قایم کرے چند دنوں کے ابھیاس سے من قایم ہونے لگتا ہے جس سے آنند ہونے لگتا ہے۔

نوٹ:۔ نمبر ۱۔ ہردیہ کا مقام نابھی سے اوپر اور چھاتی سے نیچے ہے
نمبر ۲۔ من کو ہردے میں قایم کرنے کی ترکیب یہ ہے من کو ہردے میں سانس کے ساتھ قایم رکھے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

یہی آنند یوگ ابھیاس میں خواہش کو زبردست بناتا چلا جاتا ہے اور گیان کا پرکاش ہو کر ترقی کا صحیح راستہ خود بخود نظر آتا چلا جاتا ہے جس سے من زیادہ قائم ہوتا چلا جاتا ہے آنند گاڑھا ہو کر ترقی کرتا چلا جاتا ہے گیان کا پرکاش زیادہ ہوتا چلا جاتا ہے۔ بدھی باریک سے باریک بنتی چلی جاتی ہے ہردے برہمانڈ کے پدارتھوں کا گیان ہوتا چلا جاتا ہے۔ دھیان گاڑھا ہوتا جاتا ہے۔ نراکار گنوں کا گیان حاصل ہوتا جاتا ہے۔ نرمل بدھی دوارا دبی ہوئی مانسک گپت شکتیاں خود بخود پرگٹ ہونے لگتی ہیں۔

انت میں۔ نرمل بدھی آتماں کا کھوج نکال کر آتماں کو ساکشات کر دیتی ہے اور ساتھ ہی سرب بیاپک پرماتماں کو اپنے روپ میں بسیا دیکھ کر پرم گتی یعنے مکتی کو پراپت ہوتا ہے۔

نیز از سانکھ درشن ادھیائے پانچواں منتر ۱۲۸ جس طرح دوائی سے بیماری دور ہوتی ہے۔ اسی طرح یوگ کی سدھی سے جنم مرن کا بندھن دور ہو کر مکتی پراپتی ہوتی ہے۔

(نوٹ)

اندریوں سے اونچے وشے بھوگ اور وشے بھوگ سے اونچا من اور من سے اونچی بدھی۔ اور بدھی سے اونچا آتماں ہے۔

بانی کو من سے روکا جاتا ہے۔ اور من کو بدھی سے روکا جاتا ہے اور بدھی کو آتماں سے روکا جاتا ہے۔ اور آتماں کو پرماتماں سے روکا جاتا ہے۔

(از کٹھ اوپنشد)

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اوم

چھ شاستر

ویدانت درشن۔ سانکھ درشن۔ یوگ درشن

ویشیشک درشن۔ نیائے درشن اور میمانسا

اِن شاستروں نے دُنیا کے بننے کے چھ سبب بتلائے ہیں یعنے دُنیا چھ علتوں سے بنی ہے۔ اور ایک ایک شاستر میں ایک ایک علت کا بیان ہے اور ہر ایک علت کو یُکتی اور پرمان دوارا ثابت کیا ہے۔

جب تک چھ علتیں نہ ہوں۔ دنیا نہیں بنتی۔

نیائے درشن میں گوتم مُنی نے یُکتی اور پرمان دوارا اِس بات کو ثابت کیا ہے کہ جب تک اُپادان کارن پرکرتی (مادہ) نہ ہو۔ کوئی پدارتھ نہیں بنتا۔ ویشیشک درشن میں کنا درشی نے اِس بات کو ثابت کیا ہے۔ کہ وقت لگنے کے بغیر کوئی چیز نہیں بنتی۔

پتنجلی مُنی نے یوگ درشن میں اِس بات کو ثابت کیا ہے کہ جب تک وِدّیا گیان۔ وچار نہ کیا جاوے۔ کوئی پدارتھ نہیں بنتا۔

سانکھ درشن میں کپل مُنی نے اس بات کو ثابت کیا ہے کہ جب تک پانچوں بھوتوں یعنے جل۔ پرتھوی۔ اگنی۔ آکاش اور وایو کا میل نہ ہو کوئی چیز نہیں بنتی۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

جیمنی منی نے میمانسا درشن میں اس بات کو ثابت کیا ہے کہ جب تک کرم چیشٹا (حرکت فعلی) نہ کی جاوے کچھ نہیں بنتا۔

بیاس منی جی نے ویدانت شاستر میں اس بات کو ثابت کیا ہے۔ کہ اگر بنانے والا نہ بنائے۔ تو کچھ نہیں بنتا۔ (از ستیارتھ پرکاش)

یہ چھے شاستر مہرشی یوگیوں کی تصنیفات۔ دماغی پیدائشیں ہیں ان میں سائینس اور فلاسفی کوٹ کوٹ بھری ہوئی ہے۔

ان مہرشیوں نے دُنیا کی چھے علتوں کو تشریحات سے ثابت کرتے ہوئے پرتھوی سے لے کر سورج تک کے کُل پدارتھوں کو درشاتے ہوئے یکتی اور پرمان دوارا جتاتے ہوئے سوکھشم سے سوکھشم یعنے باریک سے باریک اور پروکش (پوشیدہ) پدارتھ جو اندریوں (حواسوں) سے محسوس نہیں ہوسکتے یعنی جیو ایشور اور پرکرتی ان کو یکتی اور پرمان دوارا ثابت کرکے اور سرشٹی نیم کو بھلے بھانت درشاتے ہوئے جیو ایشور پرکرتی ان تینوں کو جگت کا کارن ثابت کرتے ہوئے اور ان تینوں کے لکشنوں کو بھن بھن درشاتے ہوئے ناستکوں کو آستک بناتے ہوئے جیو آتماں کو جگت کا سادھارن کارن (دنیا کی علت آلی) ایشور کی ہستی قرار دیتے ہوئے اور ایشور کو مکتی داتا ثابت کرتے ہوئے ایشور بھگتی کا سچا راستہ بتلایا ہے جس پر چل کر انسان جنم مرن کے دُکھوں سے چھوٹ کر پرمانند یعنے مکتی سکھ کو حاصل کرسکتا ہے۔

سشپتی یا گہری نیند میں جبکہ من اندریاں کام نہیں کرتیں اُس اوستھا میں آتماں سکھ دُکھ کو نہیں جانتا اسواسطے جیو آتماں کا سکھ دُکھ سوبھاوک دھرم نہیں (نیائے درشن)

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اوم

یوگ درشن کے چند منتروں کا مختصر مطلب

چت ورتی ۔ نرودھا ۔ یوگا ۔ مطلب ۔ چت کی ورتیوں کا روکنا یوگ کہلاتا ہے

من میں جو پھرنا اٹھتا ہے ۔ اس کا نام چت ہے اور جو اس میں لہریں اٹھتی ہیں ۔ ان کا نام ورتی ہے ۔

من کا سبھاؤ تین طرح کا ہے ۔ راجسک ۔ ساتوک اور تامسک

راجس حالت میں یہ ایشور بھوگوں کو چاہتا ہے اور راگ دویش برتی ہوتی ہے ۔

ساتوک اوستھا میں یہ شانتی میں رہتا ہے ۔ ستوگن ورتی ہوتی ہے جو اکثر سکھ کے دینے والی ہوتی ہے ۔

تامس میں یہ جہالت سے بھرا ہوا ہوتا ہے اس کی برتی دکھ دینے والی ہوتی ہے ۔

یوگ درشن ۔ سمادھی پاد منتر ۳

جب چت ورتیوں کا نرودھ ہوتا ہے ۔ تب جیو آتما اپنے روپ میں ستھت یعنی قائم ہوتا ہے ۔

منتر ۴ ۔ جب تک چت کی ورتیوں کا نرودھ نہیں ہوتا ۔ جو حالت چت کی ہوتی ہے وہی آتما کی رہتی ہے ۔ اگر چت سکھی ہے تو آتما بھی سکھ کی حالت میں رہتا ہے ۔ اگر چت دکھی ہے تو آتما پر بھی اس کا اثر ہوتا ہے

چت کی ورتیاں پانچ ہیں جو دو طرح کی ہیں ۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ایک کلشٹ اور دُوسری اکلشٹ

اکلشٹ ورتی ودّیا اور ست سنگ اور ابھیاس سے پیدا ہوتی ہے جس سے سکھ پراپت ہوتا ہے۔

کلشٹ ورتی راگ دویش سے پیدا ہوتی ہے اس سے دُکھ ہوتا ہے

ان پانچ ورتیوں کے پانچ نام ہیں۔

پرمان ورتی - بپربہ ورتی وکلشٹ ورتی - نندرا ورتی اور سمرتی ورتی

میں دیکھتا ہُوں میں سُنتا ہوں - میں جانتا ہُوں میں سکھی ہوں - میں دُکھی ہوں - اِس کا نام پرمان ورتی ہے -

غلط گیان کا نام بپربہ ورتی ہے

کسی بات کو بغیر سوچے سمجھے مان لینا اس کا نام وکلپ ورتی ہے گہری نیند سشپتی میں جو کام کرتا ہے - جس سے کہتا ہے کہ خوب سویا - اسکا نام نندرا ورتی ہے -

یادداشت حافظہ کا نام سمرتی ورتی ہے -

منتر ۱۳ چت ورتی کو اور طرف سے روک - یم - نیم دھارنا دھیان سمادھی میں لگانا اِس کا نام ابھیاس ہے -

منتر ۱۹ - جس کا یوگ بگڑ جاتا ہے - اُس کو یوگ بھرشٹ کہتے ہیں - جو دو طرح کا ہے -

ایک ودیہ - دُوسرا پرکرتی لے

ودیہہ یوگ بھرشٹ وُہ ہے جس کو یوگ سمادھی دوارا استھول تنوں کا گیان ہوکر ابھمان ہوگیا - اور آتما کو نہیں پایا -

پرکرتی لے یوگ بھرشٹ وُہ ہے جس کو یوگ سمادھی دوارا - پانچ تن

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

مانز امن ۔ بدھی ۔ اہنکار ان آٹھ پر کرتیوں کا گیان ہو کر ابھمان ہو گیا اور آتماں کہ نہیں پایا ۔ ان دونوں یوگ بھرشٹوں کو اگلے جنم میں یوگ آسانی سے سمجھ میں آنے لگتا ہے ۔ کیونکہ پُورب جنم کے سنسکار بُدھی میں موجُود ہوتے ہیں جو دوبارہ وہی کام کرنے پر ان کی یاد پڑتی ہے ۔

منتر نمبر ۲۰ جس پُرش میں یوگ کی شردھا پیدا ہو گئی ہے اُس کو شردھا ماتا کی طرح بُرائیوں سے بچاتی ہے ۔

بھبوتی پاد منتر اوّل

چت کو کسی ایک پدارتھ میں لگانا دھارنا کہلاتی ہے ۔

منتر نمبر ۲ دھارناں ویش میں چت ورتی کو لگا رکھنا دھیان کہلاتا ہے ۔

منتر نمبر ۴ دھارناں ۔ دھیان اور سمادھی ان تینوں کا ایک وشہ ہونا سنجم کہلاتا ہے ۔

منتر نمبر ۱۶ جب یوگی دھرم لکشن اوستھا میں سنجم کرتا ہے تب اسکو بھوت بھوشت کا حال معلوم ہوتا ہے ۔

منتر نمبر ۱۸ جب یوگی سنسکاروں سے سنجم کرتا ہے ۔ تب سب اُس کو پچھلے جنموں کا حال معلوم ہوتا ہے ۔

منتر نمبر ۱۹ جب یوگی چت ورتی سے سنجم کرتا ہے تب اُس کو دُوسرے کے چت کا حال معلوم ہوتا ہے ۔

منتر نمبر ۲۰ یوگی جس پدارتھ کو جاننا چاہتا ہے اُس پدارتھ سے سنجم کر کے اُس کو جان سکتا ہے ۔

منتر نمبر ۲۱ ۔ جب یوگی اپنے رُوپ میں سنجم کرتا ہے ۔ تب وہ دُوسروں کی نظر سے غائب ہو سکتا ہے ۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

منتر نمبر ۲۲ جب یوگی آرنبھ سہت اور آرنبھ رہت کرموں سے سنجم کرتا ہے تب وہ دوسرے کی برت کا حال جان سکتا ہے۔

منتر نمبر ۲۳ یوگی میتری آدمی کے سنجم سے بہتوں کا بھلا کر سکتا ہے۔

منتر نمبر ۲۴ جب یوگی ہاتھی کے بل سے سنجم کرتا ہے۔ تب اُس کو ہاتھی کا بل پراپت ہوتا ہے۔

منتر نمبر ۲۹ جب یوگی نابھی میں سنجم کرتا ہے تب اُس کو شریر کی بناوٹ کا گیان ہوتا ہے۔

منتر نمبر ۳۰ کنٹھ میں سنجم کرنے سے بھوک پیاس دُور ہوتی ہے۔

منتر نمبر ۳۸ کیسے کہ جب یوگی ایک شریر سے دُوسرے شریر میں داخل ہو سکتا ہے

منتر نمبر ۴۲ جب یوگی آکاش اور شریر کے سمبندھ میں سنجم کرتا ہے تب باریک اور ہلکا ہو کر آکاش میں اُڑ سکتا ہے۔

پونرجنم

پونر من میں شبھ اچھیا پیدا ہوتی ہے جس سے سکھ پراپت ہوتا ہے اور اپوتر من میں اشبھ اچھیا پیدا ہوتی ہے جس سے دُکھ پراپت ہوتا ہے۔ من کی شبھ اشبھ اچھیا (باسنا) انتہ کرن یعنی بدھی میں قایم رہتی ہے اسی باسنا کا نام سنسکار ہے جو انتہ کرن میں قائم رہتی ہے۔ اور اسی باسنا رُوپی سنسکاروں سے شبھ اشبھ کرم بنتے ہیں۔ کرموں سے پراربدھ بنتی ہے۔ پراربدھ سے جنم بنتا ہے۔ جو جیو آتماں کے دُکھ سکھ رُوپی بھوگ کا استھان ہے۔

اس لئے من کی شبھ اچھیا کو ہتھو جان من کو ست سنگ کے بغیر کبھی نہ رکھنا چاہیے ست سنگ سے بیبیک یعنی سچا گیان حاصل ہونے پر من میں شبھ اچھیا پیدا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہوگی جس سے سکھ پراپت ہوگا۔
بیبک گیان سے یوگ سادھی کوشش دوارا تتو گیان ساکشات ہوگا
تتو گیان کے ہونے سے اگیان کا ناش ہوتا ہے۔ جو دُکھ اور بندھن کا کارن ہے
اگیان کے ناش ہونے پر راگ دویش کا ناش ہوتا ہے۔ راگ دویش کے
ناش ہونے پر پرورتی کا ناش ہوتا ہے پرورتی کے ناش ہونے سے کرم بند
ہوتا ہے۔ کرم بند ہونے سے پراربدھ نہیں بنتی۔
پراربدھ کے نہ ہونے سے جنم مرن نہیں ہوتا۔ (از نیائے درشن پہلا
ادھیائے منتر ۲)
ہمارے شدھار یعنے ایشور پراپتی کا موجب کیول من کی شدھی یعنی پتہ تا ہے
شاستر کاروں نے من دو بتلائے ہیں ایک جیو آتماں کا سوبھاوک من
جس کو من شکتی کہتے ہیں۔ اس شکتی من پر کنا درشی جی نے ویشیشک درشن
ہیں اور جیمنی منی جی نے میمانسا درشن میں وچار کیا۔ اور من شکتی کو نت اور
شدھ پوتر اور نگتی میں قائم رہنا بتلایا۔
سانکھیہ درشن اور چھاندوگیہ اوپنشد میں دوسرے من بھوتک پر وچار کیا
اور بھوتک من یعنے پرکرتی من کو من کرن یعنے جیو آتماں کے کام کرنے کا اوزار
جان کر اسکو اشدھ اور انتہ اور نگتی میں اس کا آبھاؤ یعنے نہ رہنا بتلایا
بیاس منی جی نے دونوں پر وچار کیا اور دونوں کو درست مانا یعنی من
شکتی کو شدھ پوتر اور نیتہ اور بھوتک یعنی پرکرتی من کو من کرن اشدھ اور
انتہ بتلایا۔ نیز بھوتک من کی دو طرح کی حالتیں ہیں ایک مل دوش وکشیپ
اور آورن دوش سے یکت۔ دوسری ان دوشوں سے رہت من۔
نوٹ:۔ جہاں شاستر میں لکھا ہے کہ پرماتما من سے جانا جاتا ہے۔ وہاں ان

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

دوشوں سے رہت من مراد ہے اور جہاں لکھا ہے کہ پرماتماں من سے نہیں جانا جاتا۔ وہاں ان دوشوں سے یُکت من سے مُراد ہے۔

مل دوش اُسکو کہتے ہیں کہ جو دُوسروں کو نقصان پہنچانے کا من میں خیال ہوتا ہے۔ من کی چنچلتا کا نام وکشیپ دوش ہے یعنی من میں جو سنکلپ وکلپ کی حرکت ہے۔ جو بجلی کی تیزی سے بھی زیادہ تیز ہے۔ تو پھر ایسی تیز حرکت کرنے والے من کے شیشے میں کوئی آتماں اور پرماتماں کو کیسے دیکھ سکتا ہے جب تک کہ من کے شیشے کی حرکت بند نہ ہو۔

پرماتماں نے آتماں کو دیکھنے کے واسطے آتماں کو من کا شیشہ دیا ہے جس میں آتماں کا درشن ہوتا ہے۔ اور ساتھ ہی آتماں کے پرماتماں کا درشن ہوتا ہے دونوں کا ایک ہی سادھن من کا شیشہ ہے۔ جیسے آنکھ کے دیکھنے سے آنکھ کا سُرمہ بھی آنکھ کے ساتھ ہی دکھائی دیتا ہے۔

آورن دوش اہنکار کے پردہ کا نام ہے اِن سب دوشوں میں سے سب سے بڑا دوش جہالت کا اندھیرا ہے اگر شیشہ صاف بھی ہو لیکن مکان میں اندھیرا ہو تو بھی آنکھ اور آنکھ کا سُرمہ نظر نہیں آوے گا۔ اور یہ سب دوش شاستروں کے پڑھنے اور وچارنے اور ست سنگ سے دُور ہوتے ہیں۔

سری کرشن بھگوان فرماتے ہیں۔ کہ ہے ارجن پہلے تُو ست پُرش یعنے برہم وِدیا کے جاننے والے کے پاس جا کر اور ہاتھ جوڑ کر اُس کے چرنوں میں نمسکار کر۔ لیکن اسی میں اپنی کلیان مت جان۔ پھر اُس کی تن من دھن سے سیوا کر۔ اس میں تیری کلیان ہے۔

نُوٹ :- جو ایک وقت پر دو باتوں کا گیان حاصل نہیں کر سکتا۔ اور جس کا دونوں قسم کی اندریوں کے ساتھ تعلق ہے اسکو من کہتے ہیں۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اوّل ہم پرماتما کی ستوتی دوارا اُس کے سوبھاؤ اور عادات کا گیان حاصل کریں۔ کیونکہ ہمیشہ اختلاف سوبھاؤ عادات ایک دُوسرے میں جدائی محبت اور پیار کے نہ ہونے کا مُوجب ہوتا ہے۔

کیا کبھی پنیاتماں۔ بھچاری پُرش کے نکٹ بیٹھنا پسند کرتا ہے ہرگز نہیں ایسے ہی اپوتر من میں پرماتماں کا گیان نہیں ہوتا۔

ایشور پراپتی کے لئے اوّل ہم اپنے اور ایشور کے سبھاؤ اور عادات میں اپنے اختلاف سوبھاؤ کی جانچ پڑتال کر کے اپنے وردھ سوبھاؤ عادات کو اُس کے انکوُل بنا دیں۔

مثلاً پرماتما دیالُو ہے ہم بھی من میں دیا کو دھارن کریں۔ اور پرماتما نیائے کاری ہے۔ ہم بھی سب کام انصاف دوارا کریں۔ پرماتما سب کا متر اور سب کا بھلا چاہتا ہے ہم بھی شتر تا کو تیاگ سب سے متر تا رکھتے ہوئے سب کا بھلا چاہیں۔

پرماتماں پر اُپکاری ہے۔ ہم بھی من کو پر اُپکاری بناویں۔

پرماتماں شُدھ پوتر ہے۔ ہم بھی انتہ کرن کو شدھ پوتر بناویں وغیرہ وغیرہ۔ سوبھاؤ عادات کے مطابق اپنے سوبھاؤ اور عادات کو بنا دیں اسی میں ہماری کلیان ہے۔

بُدھی

بُدھی آتماں کا گُن یا گیان کا نام ہی بدھی ہے (از نیائے درشن)

بُدھی سب اندریوں کی سردار ہے۔ ہمارے دُکھ۔ سکھ۔ بند اور موکش کا کارن بُدھی ہے۔ شاستر کاروں نے اس کو دو پرکار کی کہا ہے۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ایک تو وہ ہے جو من کے سنکلپ وکلپ کا فیصلہ کرتی ہے کیونکہ سب کام اسی کی مرضی پر ہوتے ہیں۔ جب تک یہ فیصلہ نہ کرے۔ کوئی کام نہیں ہوتا۔ اس کا نام (دھی) بُدھی ہے اور جو آتماں کو پرماتما کی طرف لگاتی ہے اور پرماتما کا درشن کراتی ہے اُس کا نام (میدھا) بُدھی ہے۔ یہ آتماں کے شکتی سروپ کی بُدھی ہے۔ گیانی یوگی لوگ پرماتما سے اسی بُدھی کے لئے پرارتھنا کرتے ہیں۔

ایشور کے نرگن اور سرگن کی تشریح

سرشٹی کے سمبندھ سے یعنی سرب بیاپک۔ سرب انتریامی نیائے کاری وغیرہ گنوں سے پرماتما سرگن ہے۔

سرشٹی سمبندھ سے الگ یعنی نراکار شُدھ پوتر گنوں سے پرماتماں نرگن ہے

نوٹ: آتماں کے چھ چن یہ ہیں۔ اچھیا دویش۔ سکھ۔ دُکھ۔ پریتن گیان (از نیائے درشن پہلا ادھیائے منتر ۱۰)

نوٹ: گیان اور پریتن جیو آتماں کے سوبھاوک گن ہیں۔ آتماں کے موافق اور غیر موافق پدارتھوں کے جاننے کا نام گیان ہے۔

دُکھ کے کارنوں کو دُور کرنا اور سکھ کے کارنوں کو حاصل کرنا اس کا نام پریتن ہے۔

نوٹ:۔ جیو ایک وقت پر دو باتوں کا گیان حاصل نہیں کر سکتا اور جس کا دونوں قسم کی اندریوں کے ساتھ تعلق ہے اُس کو من کہتے ہیں۔

من اندریاں اور شریر ان تینوں کا ملکر کام کرنا اسکا نام پرورتی ہے۔

جب من اکیلا کام کرتا ہے اُس کا نام مانسک کرم ہے۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

جب من اور بانی دونوں مل کر کام کرتے ہیں۔ اُسکو واچک کرم کہتے ہیں
جب من اندریاں بانی اور شریر چاروں مل کر کام کرتے ہیں۔ وہ شاریرک کرم ہے۔

پن اور پاپ کا سبب پرورتی ہے۔ پرورتی کا سبب راگ دویش ہے
خواہش کا نام راگ ہے۔ دویش کا نام نفرت ہے۔

جب تک آتماں میں راگ اور دویش دونوں بنے رہتے ہیں۔ جیو آتماں کا جنم مرن بنا رہتا ہے۔

راگ دویش کے نہ رہنے سے جیو آتماں کا جنم اور مرن سے چھٹکارا ہوتا ہے (از نیائے درشن پہلا ادھیائے منتر ۱۷)

جو انسان آتماں کے اندر دوسری چیز کو دیکھتا ہے۔ وہ ہمیشہ جنم مرن میں رہتا ہے۔ کیونکہ آتماں سے باریک سوائے پرماتماں کے دوسری شئے ہے ہی نہیں تو پھر موٹی چیز باریک چیز کے اندر کیسے داخل ہو سکتی ہے اس لئے جو آتماں کے اندر بہت چیزوں کو دیکھتا ہے وہ آتماں کو جانتا ہی نہیں۔ یہی اودیا جیو آتماں کے جنم مرن کا موجب ہے۔

نوٹ

مہرشی کپل مُنی جو سانکھ درشن میں تین طرح کے دُکھ بتلاتے ہیں۔ اُن تین دکھوں کی نورتی کے لئے تین دفعہ اوم شانتی شبد دوارا پرماتماں سے پرارتھناں کی جاتی ہے۔

نوٹ

آتماں کو جاننے کا نام گیان۔ پرماتماں جاننے کے کا نام وگیان ہے۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اوم

سُورج

جگت ماتر کا پران ہے

سُورج پرتھوی سے بڑا ہے اور اگنی کا شریر ہے - اِس کی اگنی کی کرنیں تمام برہمانڈ میں پھیلی ہوئی ہیں - چونکہ وایو منڈل میں پہلے موجود ہے اُس میں سُورج کی کرنیں ملکر پران بنتے ہیں اور یہ پران شکتی - خوراک اور پانی کے ذرّوں کو ہر وقت اندر سے باہر نکالتی رہتی ہے اور جب تک پرانوں کا اثر خوراک اور پانی پر پڑتا ہے کوئی تکلیف نہیں ہوتی - لیکن جب ان کا اثر اندر کی خارجی غذا اور پانی کو ختم کر کے جسم کے جزوں میں جو خوراک اور پانی شامل ہے اُس پر اپنا اثر ڈالنا شروع کرتے ہیں تو بھوک اور پیاس لگتی ہے یعنی جب پرانوں کا اثر خوراک پر پڑتا ہے - تب بھوک اور جب پانی پر پڑتا ہے تب پیاس لگتی ہے اس لئے بھوک اور پیاس پرانوں کا دھرم ہے نیز سُورج کی ستوگن اگنی جس کی کرنیں تمام برہمانڈ میں پھیلی ہوئی ہیں جن سے پران بنتے ہیں - موجود نہ ہو تو کوئی جانور زندہ نہیں رہ سکتا - سب ہلاک یعنی مر جاویں کیونکہ سُورج سے ہی پران بنتے ہیں - اور پرانوں یعنے سُورج سے ہی بارش ہوتی ہے اور بارش سے تمام قسم کی بنسپتی اور اناج وغیرہ پیدا ہوتے ہیں - جن سے سب جاندار خوراک اور پانی سے اپنی منزل مقصود تک پہونچتے ہیں - اسواسطے سُورج جگت ماتر کا پران ہے - اور پرماتما سُورج کو پیدا کرنے والا پرانوں کا پران ہے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

دیانند آنند کند بھئے پاکھنڈن کے مرت ٹارن
ہوئے جگت بکھیات چہوں دش پر مارتھی اور نرتارن

(الف) اپنے آپ نوں سمجھ پہلے کی ہے وست انیرڑا روپ پیارے
باجھ آپنے آپ دے صحیح کیتیاں ہیں وچ وصولاندے دُکھ بھارے
ہور لکھ او پانہ سُکھ ہوسی پچھ دیکھ سیانڑے جگ سارے
سکھ روپ اکھنڈ چیتین ہیں توں بلے شاہ پکارڑے وید چارے

(۱) سیوا کرتے سمے ہم دُشٹوں کے کوواکوں کو سُنتے رہے اُنہیں دیکھ اپنے آنسوؤں کو پونچھ ہنستے ہوئے اُن کو پرسن کرتے تھے اور اُن کے سامنے ہاتھ بھی جوڑے۔ ہے ترشنے اب تو مجھے بے ارتھ کیوں ستاتی ہے۔

(۲) ابھی سمے نہیں۔ مہاراج ایکانت میں کچھ وچار کر رہے ہیں۔ ابھی سوتے ہیں ڈیوڑھی پر سے اُٹھو۔ نہیں بیٹھا دیکھ ہمارے مہاراج ہم پر ناراض ہوں گے۔ ایسے بچن جن کے دروازے پر کہتے ہوں اُنہیں تیاگ۔ ہے چت اُس پرماتمان کی شرن میں کیوں نہیں جاتا۔ جہاں کوئی روکنے والا نہیں۔

(۳) دُشٹ پُرش وِدوان بھی ہو تیاگنے یوگ ہے کیونکہ منی والے سانپ بھیانکر نہیں ہوتے۔ (۴) کریر برکش کو پتر نہیں آتے۔ اُس میں بسنت کا کیا دوش۔ اُلّو دن کو نہیں دیکھتا۔ اُس میں سوریہ کا کیا دوش۔ برشا کی دھارا چاتک کے مکھ میں نہیں پڑتی اُس میں میگھ کا کیا دوش۔ اس سے سِدھ ہوا کہ جو بدھاتا نے لکھ دیا ہے۔ اُس کو میٹنے والا کون ہے۔

اوم تت ست

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اوم

شُدھ دماغ کی ایک بات

اِنصاف

ایک دفعہ دوران گفتگو میں میری سچی پیاری دھرم ماتا شریمتی مسز دھرم پتا صاحب بہادر شریمان مسٹر آئیوسنس چیف انجینئر صاحب بہادر پنجاب تعمیر کردہ ہیڈ مرالہ۔ فرمایا کہ جو انسان فرض کی ادائیگی کو جانتا اور پابندی کے ساتھ پورے طور سے انصاف پر چلتا ہے۔ وہ بعینہٖ ایشور کی مرضی کے مطابق زندگی بسر کرتا ہے اور انسان کے لئے اِس میں سب سکھ ہے۔ مگر اس پر چلنا اتنا مشکل نہیں۔ جتنا کہ اس کا جاننا۔

نوٹ

سجن جن یہ کیسی اوتم سکھشا گتی پراپتی کے یوگ سُنہری حرفوں میں لکھنے کے قابل ہے

دیوی چند حکیم

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ملنے کا پتہ

دیوی چند حکیم ڈھکی سرا جان

جموں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

Entered in Database

Signature with Date

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar